لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۹ ر جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۰ھ مطابق ۲۷ ر فروری سنہ ۱۹۲۲ء	نمبر ۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	استثنائے محصول گھاٹ	۱ و ۲
۲	اظہار خوشنودی تحسین انتظام جلسہ بال	"
۳	اضافہ فضل شاہ خان رسالدار	"
۴	تقرر بابو محمد امیر	"
۵	اضافہ محمد فرشاہ خان صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر	"
۶	موقوفی سید علی مختار	"
۷	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

روبکار محکمہ دار الانشا اجلاس اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۹ ر جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

بسلسلۂ واپسی محصول گھاٹ فیلان جو سنہ ۱۹۱۹ء میں سیلہٹ سے خرید ہو کر آئے تھے صاحب ایجنٹ بہادر کی خدمت میں تقدیم دیا گیا تھا کہ اگر ضرورت ہو تو اسکے متعلق گورنمنٹ کو تحریک کیجائے۔ چنانچہ حسب تحریک صاحب ایجنٹ بہادر گورنمنٹ نے ذریعہ گورنمنٹ آرڈر نمبری $\frac{908}{1950-3}$ مورخہ ۲۴ ر جون سنہ ۱۹۲۱ء مابدولت واقبال وجملہ ملازمان وجانوران ریاست کو جب کار سرکار پر

ہون محصول معاف رو پل ہائے کشتی کل صوبہ متحدہ و آگرہ و اودھ سے مستثنےٰ فرما دیا ہو۔ صاحب ایجنٹ بہادر نے اپنی چٹھی نمبری $\frac{۳۳۳۳}{۱۶-۵۶}$ مورخہ ۴ر اگست سنہ ۱۹۲۱ء مین یہ بھی تحریک کیا ہو کہ اگر پاس کی پشت پر نقل یا ترجمہ گورنمنٹ آرڈر چھاپ دیا جائے تو آیندہ اُسکے متعلق کسی خط و کتابت کی ضرورت نہ پڑے چونکہ اسکی اطلاع ہونا جملہ صیغہ جات کو ضروری ہو۔ لہذا

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا مع نقل گورنمنٹ آرڈر جملہ سکریٹری صاحبان و کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج کے پاس مرسل ہو اور لکھا جائے کہ جب کوئی پاس عبور گھاٹ جاری کیا جائے تو پشت پاس پر نقل یا ترجمہ گورنمنٹ آرڈر لکھ دیا جائے۔ اور آیندہ کے لئے جدید پاس چھپوا کر اُنکی پشت پر ترجمہ گورنمنٹ آرڈر چھپوا دیا جائے۔ ایک نقل بغرض اطلاع عام درج گزٹ ہو۔

دستخط [illegible]

ترجمہ گورنمنٹ آرڈر نمبری $\frac{۹۹۰}{۱۹۵-۴}$ مورخہ ۲۴ر جون سنہ ۱۹۲۱ء

مجھے ہدایت ہوئی ہو کہ مین آپکی چٹھی نمبری $\frac{۲۳۱۰}{۱۹-۵۶}$ مورخہ ۲۲ر اپریل کا حوالہ دون جسمین آپ تحریر کرتے ہین کہ ہز ہائینس نواب صاحب بہادر رامپور اور اُنکے ہمراہیان ملازمان مع جانوران ہمراہی عام گھاٹون اور پل ہائے کشتی قسمت روہیلکھنڈ پر محصول گھاٹ دینے سے مستثنےٰ ہین اور اب تحریک کرتے ہین کہ یہ رعایت کل ممالک متحدہ کے لئے وسیع کر دی جائے۔

جواباً تحریر کیا جاتا ہو کہ گورنمنٹ آپکی اس راے سے اتفاق کرتی ہے اور یہ رعایت بخوشی کل صوبہ کے لئے منظور فرماتی ہو۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۰ر فروری سنہ ۱۹۲۲ء

جلسہ ہال مین اہالیان روشنی بجلی کارخانہ جات ذات خاص تعمیرات فوج پولیس صیغہ مال واٹر ورکس اسٹیٹ فیکٹریز و دیگر جگہ جات نے نہایت محنت و مستعدی سے خدمات متعلقہ کو انجام دیا اور جلسہ مذکور بحسن و خوبی انجام پایا۔ لہذا حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا باظہار خوشنودی مزاج جملہ سکریٹری صاحبان کے پاس مرسل ہو۔ اور لکھا جائے کہ اپنے اپنے صیغہ جات متعلقہ کو حسب ضابطہ مطلع کر دین۔ اور ایک نقل روبکار ہذا درج گزٹ ہو۔ دستخط میر منشی اجلاس ہمایون

دستخط [illegible]

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲۰ر فروری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب عرضداشت کرنیل صاحب بہادر کمانڈنگ فوج فضل شاہ خان رسالدار تھرڈ اسکوادرن شاہزادہ دار سینیٹر روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

تقرر

۲۱ر فروری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر انہار و صنعت و حرفت - بابو محمد امیر کا تقرر بمشاہرہ منجملہ پچیس روپیہ ماہوار و پندرہ روپیہ ماہوار بحساب ۲۱ر فروری سنہ ۱۹۲۲ء سے بابو شیام سندر کی جگہ پر جو خالی تھی بکار سب اوورسیری منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۱ر فروری سنہ ۱۹۲۲ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بنظر حسن خدمات — حکم ہوا کہ —

محمد قمر شاہ خان بہادر جوڈیشل سکریٹری کی موجودہ تنخواہ مین مبلغ تین سو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جائے آیندہ ایک ہزار روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی لیکن احکام بلا ضابطہ جاری ہون۔ دستخط میر منشی اجلاس ہمایون

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

موقوفی

۲۱ر فروری سنہ ۱۹۲۲ء

سید علی ولد سید ابراہیم علی ساکن دو محلہ کوستانان منور بیگم ڈیوڑھی صاحبزادہ سید عزت علیخان بہادر و پیاری بیگم ڈیوڑھی صاحبزادہ سید افتخار حسین خان بہادر نے اپنی خدمت کاری سے موقوف کرکے علیحدہ کیا۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۰ ؍ لغایت ۲۶ ؍ فروری سنہ ۱۹۳۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۱۰؍۳	۱۰؍۳		۱۳؍	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص			۰	۱۰؍۳		۱۵؍	
نخود کسہ آمیز			۰	۱۰؍۳		۱۰؍۵	
کسہ			۰	۱۰؍۴		۱۷؍	
ماش			۱۰؍۶	۱۰؍۵		۱۰؍۵	
مونگ			۱۵؍	۱۵؍		۱۰؍۵	
مکا			۱۶؍	۱۰؍۶		۱۰؍۶	
جئی			۰	۱۷؍		۱۴؍	
گوجئی			۰	۱۰؍۴		۱۰؍۵	
عدس			۰	۱۴؍		۰	
ارہر			۰	۱۵؍		۰	
برنج			۱۰؍۴	۱۰؍۴		۱۰؍۴	
روغن زرد			۱۰؍	۱۰؍		۱۰؍	
روغن سرسوں			۱۲؍	۱۱؍		۱۲؍	
روغن کنجد			۱۴؍	۱؍		۱؍	
نمک سانبھر			۱۲؍	۱۱؍		۱۱؍	
نمک لاہوری			۱۶؍	۱۵؍		۱۷؍	
قند سیاہ			۳؍	۳؍		۳؍	
باجرہ			۱۰؍۵	۱۵؍		۱۶؍	